کان کا درد اور التہاب لوزہ

کسی بچہ کے کانوں کی دیکھ بھال دھیان سے کئے جانے کی ضرورت ہے

کان کے انفیکشن، جو کان کے درد کا سبب بن سکتے ہیں چھوٹے بچوں اور چلنا پھرنا سیکھنے والے بچوں میں عام ہیں۔ وہ اکثر زکام کے بعد ہوتے ہیں اور کبھی کبھی درجۂ حرارت بڑھنے کا سبب بن سکتے ہیں۔ ایک بچہ اپنے کان کھینچ سکتا ہے، لیکن چھوٹے بچے اکثر یہ نہیں بتا سکتے کہ ان کا درد کہاں سے اٹھ رہا ہے، اس لئے وہ صرف روتے ہیں اور عام طور پر بے اطمینان لگتے ہیں۔ بچوں کو اکثر دانت نکلنے کے وقت منتقل شدہ درد کے سبب کان میں درد/کانوں پر کھنچاؤ کا سامنا ہوتا ہے۔

ابتدائی چند ہفتوں میں بچے انفیکشن کے خلاف کچھ قدرتی تحفظ رکھتے ہیں - چھاتی سے دودھ پلانے سے اسے تقویت ملتی ہے۔ چھوٹے بچوں اور چلنا پھرنا سیکھنے والے بچوں میں، جراثیم ناک سے کانوں تک زیادہ آسانی سے منتقل ہوتے ہیں۔ کان کے انفیکشن تکلیف دہ ہوسکتے ہیں اور آپ کے بچہ کو اور زیادہ سینے سے لگائے جانے اور فارماسسٹ کی طرف سے دردکش دواؤں (مثال کے طورپر **شوگر-فری** پیراسیٹامول یا آئبوپروفین) کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ آپ کے بچہ کی گردن میں سوجے ہوئے غدود ہوسکتے ہیں - یہ جسم کا انفیکشن سے لڑنے کا طریقہ ہے۔

التہاب لوزہ - کان کا درد التہاب لوزہ (ٹونسل کی سوزش) کی وجہ سے بھی ہو سکتا ہے۔ بچوں میں یہ عام قسم کا انفیکشن ہے۔ علامات میں شامل ہیں گلے میں تکلیف، کان کا درد اور بڑھا ہوا درجۂ حرارت۔ یہ کوئی سنگین بیماری نہیں ہے اور اگر علامات شدید درد، مسلسل درجۂ حرارت یا سانس لینے میں دشواری کے ساتھ سنگین ہوجائیں تو آپ کو صرف اپنے جی پی سے ملنے کی ضرورت ہے۔

کان کے انفیکشن کو کم کرنے کے لئے

- کسی بچہ کے کانوں کی دیکھ بھال دھیان سے کئے جانے کی ضرورت ہے۔
- اپنے بچہ کے کان کے اندر کبھی کاٹن بڈ کا استعمال نہ کریں۔
- اگر ان کا درجۂ حرارت بڑھا ہوا ہو تو کان کا میل باہر آ سکتا ہے۔
- بیرونی حصہ کے گرد نرمی سے صفائی کرنے کے لئے ہر کان پر، علیحدہ صاف نم سوتی اون کا کپڑا استعمال کریں۔
- دھوئیں والے ماحول سے بچیں۔
- کان کے ڈراپ یا تیل نہ استعمال کریں سوائے اس کے کہ آپ کے جی پی نے صلاح دی ہو۔
- اگر آپ کا بچہ انفیکشن کے چھ ہفتے بعد ابھی بھی نہیں سن پا رہا ہے تو آپ کا جی پی یا معائنہ کار صحت مزید تحقیقات کے لئے اسے آڈیولوجی بھیج سکتے ہیں۔

کان کے انفیکشن کی علامات کیا ہیں؟

علامات ہیں بڑھا ہوا درجۂ حرارت، عام چڑچڑاپن اور درد یا تکلیف۔ کان سرخ ہو سکتے ہیں اور آپ کا بچہ انہیں کھینچ سکتا ہے کیونکہ اسے بے چینی ہوتی ہے۔ ان کے کان سے مواد جیسا مادہ نکل سکتا ہے، جو کان میں بند ہونے کے احساس یا سماعت کے اتلاف سے جوڑا جا سکتا ہے۔ اگرچہ کان کے زیادہ تر انفیکشن کسی سنگین اثرات کے بغیر ٹھیک ہو جاتے ہیں، تاہم مختصر مدت (دو تا تین ہفتے) کے لئے سماعت کا معمولی اتلاف ہو سکتا ہے۔

1

میرے چلنے پھرنے سیکھنے والے بچے کے کان میں درد ہے لیکن بصورت دیگر وہ ٹھیک لگ رہا ہے۔

2

کیا آپ نے اپنے فارماسسٹ کی طرف سے **شوگر-فری** پیراسیٹامول یا آئبوپروفین آزمایا ہے؟ (استعمال سے متعلق مشورہ کے لیے بنیادی باتیں جانیں، کو دیکھیں)۔

3

کان کے زیادہ تر انفیکشن خود ہی ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ اگر 24 گھنٹوں کے بعد علامات میں بہتری کی کوئی نشانی نہ نظر آئے، لگے کہ آپ کا بچہ بہت زیادہ تکلیف میں ہے یا آپ کان سے سیال بہتے ہوئے دیکھیں تو اپنے جی پی سے بات کریں۔

اسموک فری

www.nhs.uk/smokefree